e-paper www.avadhnama.com

Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

LUCKNOW

روزنامہ

# اودھ نامہ

# avadhnama

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 292 Friday , July 24 2026 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۲۹۲) لکھنؤ، بروز جمعہ ۲۴-جولائی ۲۰۲۶ء،مطابق ۹-صفرالمظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸


## مایاوتی نے حکومت اور مظاہرین سے بات چیت کی اپیل کی

لکھنؤ (یواین آئی) بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کی صدر مایاوتی نے ملک میں مفاد عامہ کے مختلف مسائل پر پیدا ہونے والی صورتحال پر جمعرات کے روز تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور احتجاجی تنظیموں سے بات چیت کے ذریعے پرامن حل نکالنے کی اپیل کی ہے۔ محترمہ مایاوتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری سلسلہ وار پوسٹس میں کہا،"نئی دہلی کے جنتر منتر پر کاکروج جنتا پارٹی (سی جے پی) کی طرف سے گزشتہ کئی دنوں سے چلائی جارہی تحریک، خاص طور پر نیٹ جیسے امتحانات میں مبینہ پیپر لیک اور دیگر بے ضابطگیوں سے متاثرہ طلبہ اور ان کے خاندانوں کے مسائل سے جڑی ہے۔"انہوں نے کہا، یہ مسئلہ سیاست کاری کی وجہ سے حکومت کے ساتھ براہ راست تصادم کا موضوع بن گیا ہے، جس سے نہ صرف دہلی بلکہ مختلف ریاستوں میں بھی عام زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ ملک کے مفاد میں اس صورتحال سے جلد باہر نکلنا ضروری ہے۔

## جنتر منتر کے آس پاس موبائل انٹرنیٹ خدمات رات 12 بجے تک کے لیے بند

نئی دہلی (یواین آئی) کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے دھرنے اور احتجاجی مظاہرے کے درمیان جنتر منتر کے آس پاس موبائل انٹرنیٹ خدمات بند کردی گئی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ فی الحال انٹرنیٹ خدمات جمعرات کی رات 12 بجے تک کے لیے بند ہیں۔ ٹیلی کام سروس فراہم کرنے والے اداروں کی جانب سے صارفین کو فون پر بھیجے جارہے پیغام میں لکھا ہے،"حکومت کے حکم کے مطابق، آپ کے علاقے میں انٹرنیٹ خدمات عارضی طور پر بند کردی گئی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آج صبح سکیورٹی وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے حکومت سے موبائل انٹرنیٹ خدمات بند کرنے کی ہدایت ملی تھی جس کا وقت بعد میں بڑھا کر رات 12 بجے تک کر دیا گیا ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ میڈیکل داخلہ امتحان نیٹ کا سوالنامہ افشا ہونے سے ناراض طلبہ اور دیگر مظاہرین سی جے پی کی کال پر گزشتہ کئی دنوں سے نئی دہلی کے جنتر منتر دھرنا گاہ پر جمع ہیں۔

# 'جب تک پردھان کا استعفیٰ نہیں ہوگا، بحث ممکن نہیں'

## ملکارجن کھڑگے کا حکومت کو دوٹوک پیغام، دھرمیندر پردھان کے استعفے پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تعطل برقرار، پارلیمنٹ کی کارروائی ٹھپ



نئی دہلی۔(ایجنسی) مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے اور نیٹ (یو جی) 2026 کے مبینہ پرچہ لیک معاملے پر بحث کرانے کے مطالبے پر اڑی اپوزیشن نے جمعرات کو مسلسل چوتھے دن بھی راجیہ سبھا اور لوک سبھا میں شدید ہنگامہ کیا، جس کے باعث دونوں ایوانوں کی کارروائی بار بار ملتوی ہونے کے بعد آخرکار پورے دن کے لیے ملتوی کر دی گئی۔ وزیر تعلیم کے استعفے اور نیٹ معاملے پر بحث کے سلسلے میں حکومت اور اپوزیشن اپنے اپنے موقف پر قائم رہیں، جس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تعطل کے باعث مانسون اجلاس کے ابتدائی چار دنوں میں دونوں ایوانوں میں کوئی قانون سازی کا کام نہیں ہو سکا اور پارلیمنٹ کی کارروائی مسلسل ہنگامے کی نذر رہی۔ اپوزیشن اپنے مطالبے پر قائم ہے کہ وزیر تعلیم کے استعفے کے بغیر نیٹ معاملے پر بحث شروع نہیں ہوگی، جبکہ حکومت نے استعفے کے مطالبے پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا اور کہا کہ وہ نیٹ پرچہ لیک اور اس سے متعلق تمام معاملات پر بحث کے لیے تیار ہے، تاہم اپوزیشن کو بھی غیر مشروط طور پر بحث میں حصہ لینا چاہیے۔ راجیہ سبھا کی کارروائی اس معاملے پر تین مرتبہ ملتوی کی گئی اور آخرکار پورے دن کے لیے ملتوی کر دی گئی، جبکہ لوک سبھا کی کارروائی بھی دو مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد دن بھر کے لیے روک دی گئی۔

پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں جمعرات کو این ڈی اے اور انڈیا بلاک کے اراکین پارلیمنٹ آمنے سامنے آگئے۔ دونوں نے مکر دوار پر الگ الگ مسائل کو لے کر ایک ساتھ احتجاج کیا۔ اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان اور نیٹ پیپر لیک تنازعہ کے خلاف مظاہرہ کر رہے تھے۔ دوسری طرف این ڈی اے کے اراکین پارلیمنٹ اس معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث سے اپوزیشن کے انکار اور مبینہ طور پر جھوٹی خبریں پھیلانے کے الزام کو لے کر احتجاج کر رہے تھے۔ راجیہ سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے ایوان میں اپنی تقریر کے دوران کہا کہ "دھرمیندر پردھان کو استعفیٰ دینا ہوگا۔ آج ہزاروں نوجوان سڑکوں پر ہیں، ان پر لاٹھی چارج کیا گیا۔ کئی نوجوان اسپتال میں داخل ہیں، ان کے والدین پریشان ہیں۔ اس لیے جب تک استعفیٰ نہیں ہوگا، بحث ممکن نہیں ہے۔" وزیراعظم مودی کے آج کے بیان پر کھڑگے نے کہا کہ "آج وزیراعظم مودی کا جو بیان آیا ہے وہ اشتعال انگیز ہے۔ وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کو استعفیٰ دینا ہی ہوگا۔ ہم ایوان میں بحث کرنا چاہتے ہیں، لیکن حکومت ایوان میں بحث سے بھاگ رہی ہے۔"

### مکر دوار پر این ڈی اے اور انڈیا اتحاد کا مظاہرہ، طلبہ کے معاملے پر ایک دوسرے پر سیاست کرنے کا لگایا الزام

وزیر اعظم مودی کے بیان پر کانگریس رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ "نریندر مودی نے آج ٹویٹ میں جو لکھا ہے، وہ کچھ ایسا ہے جیسے کوئی بچہ اپنے والد سے کہے کہ وہ ڈیزائنر بننا چاہتا ہے، لیکن والد کہے کہ فکر مت کرو، میں نے سیٹنگ کر کے تمہارا ایڈمیشن انجینئرنگ کالج میں کرا دیا ہے۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "وزیراعظم مودی سے طلبہ کا مطالبہ ہے کہ دھرمیندر پردھان استعفیٰ دیں اور انہیں پیٹنے والوں کے خلاف ایکشن ہو۔" اپنی بات جاری رکھتے ہوئے پرینکا گاندھی نے کہا کہ "آج طلبہ کا سسٹم سے بھروسہ اٹھ گیا ہے۔ اگر آپ سسٹم کے دائرے میں رہ کر طلبہ کے مسئلے کا حل نکالیں گے تو طلبہ نہیں مانیں گے۔ حل تب ہی نکل سکتا ہے، جب حکومت طلبہ کا مطالبہ مانے، لیکن حکومت سن ہی نہیں رہی ہے۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "وزیراعظم مودی ٹویٹ کرتے ہیں کہ انہیں طلبہ پر بھروسہ ہے، لیکن کل رات پولیس انہیں پیٹ رہی تھی۔ طلبہ پر آنسو گیس کے گولے کیوں چھوڑے جارہے ہیں؟ اگر حکومت کو اسٹوڈنٹس کی فکر ہے، تو ان سے بات کرے۔" کانگریس کے سینئر لیڈر کے سی وینوگوپال نے وزیر اعظم مودی کے بیان پر کہا کہ "یہ تمام دعوے بے بنیاد ہیں۔ اب وزیراعظم مودی کی باتوں پر کسی کو یقین نہیں رہا۔ وہ اپنی ساکھ کھو چکے ہیں اور مودی حکومت نے اب تک کوئی کارروائی نہیں کی۔ پہلے دھرمیندر پردھان کو وزارت تعلیم سے ہٹایا جائے، اس کے بعد ہی وزیراعظم کو طلبہ سے بات کرنی چاہیے۔"

## اگر میٹرو اسٹیشن بند رہنے کا معاملہ نہ سلجھا، تو کورٹ مداخلت کرے گا: سی جے آئی

نئی دہلی (یواین آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن (ایس سی بی اے) کے صدر وکاس سنگھ نے جمعرات کو سپریم کورٹ کی توجہ طلبہ کے جاری احتجاجی مظاہرے کے درمیان سپریم کورٹ میٹرو اسٹیشن کے بند ہونے کی طرف دلائی۔ انہوں نے عدالت سے اپیل کی کہ وکلاء، مقدمات سے جڑے لوگوں، رجسٹری کے عملے اور سپریم کورٹ میں داخلے کے لیے درست پاس رکھنے والے دیگر لوگوں کو اسٹیشن کا استعمال کرنے کی اجازت دی جائے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کے سامنے یہ معاملہ رکھتے ہوئے مسٹر سنگھ نے تجویز دی کہ جن لوگوں کے پاس سپریم کورٹ میں داخلے کے لیے درست پاس ہیں اور جو رجسٹری کے عملے کے ارکان ہیں، انہیں مناسب سکیورٹی چیکنگ کے بعد سپریم کورٹ میٹرو اسٹیشن سے باہر نکلنے کی اجازت دی جائے۔ مسٹر سنگھ نے کہا،"میٹرو میں ایک فائدہ ہے۔ جب مسافر اترتے ہیں، تو ایک طے شدہ ایگزٹ پوائنٹ ہوتا ہے جہاں سکیورٹی چیکنگ کی جا سکتی ہے۔ سپریم کورٹ پروسیمٹی کارڈ رکھنے والوں اور رجسٹری اسٹاف کو وہاں سے نکلنے کی اجازت دی جا سکتی ہے جبکہ باقی مسافروں کو ٹرین میں ہی رہنے اور اگلے اسٹیشن تک جانے کے لیے کہا جا سکتا ہے۔ اس سے یہ بات یقینی ہو جائے گی کہ عدالت میں جانے کے لیے مجاز لوگوں کے لیے میٹرو چلتی رہے۔

## پیپر لیک کے ملزمان کو جلد سخت سزا دینے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کی جائیں گی: پی ایم مودی



نئی دہلی (یواین آئی) قومی اہلیت وداخلہ امتحان (نیٹ یو جی) کے پیپر لیک معاملے پر ملک بھر میں جاری احتجاج کے درمیان حکومت نے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پیپر لیک کے مقدمات کی فوری سماعت اور ملزمان کو جلد سخت سزا دلانے کے لیے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کی جائیں گی وزیراعظم نریندر مودی نے جمعرات کو اس فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے مفادات اور ان کا مستقبل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے مستقبل سے کھلواڑ کرنے والے کسی بھی شخص کو ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں کہا،"ملک کے نوجوانوں کا مفاد اور ان کا مستقبل ہماری سب سے بڑی ترجیح ہے۔ پیپر لیک کے تمام مقدمات میں قصورواروں کو جلد از جلد سخت سزا دلانے اور مقدمات کے فوری فیصلے کے لیے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو ضروری کارروائی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ طلبہ کے مفادات کے تحفظ کے لیے حکومت کے اقدامات کی یہ ایک اہم کڑی ہے۔ انہوں نے ایک بار پھر دوہرایا کہ نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے والے کسی بھی فرد کو بخشا نہیں جائے گا۔

## حکومت نوجوانوں کے مستقبل اور مفادات کی حفاظت کیلئے پرعزم: نڈا

نئی دہلی (یواین آئی) مرکزی وزیرِ صحت وخاندانی بہبود جے پی نڈا نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کے مستقبل اور مفادات کی حفاظت کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ مسٹر نڈا نے جمعرات کو سوشل میڈیا ایکس پر لکھا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت نوجوانوں کے مستقبل اور مفادات کی حفاظت کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا، پیپر لیک جیسے سنگین چیلنج سے نمٹنے کے لیے فاسٹ ٹریک کورٹ بنانے اور گنہگاروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کرنے کا مسٹر مودی کا عزم، نوجوانوں کے تئیں ہماری حکومت کی حساسیت اور عہد بستگی کا واضح ثبوت ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے سابق صدر نے لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس کے برعکس اپوزیشن اور ان کے لیڈر مسٹر گاندھی پارلیمنٹ میں اس اہم معاملے پر بامعنی بحث کرنے سے بچ رہے ہیں۔ اپوزیشن پارٹیاں اس کے بجائے سڑکوں پر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہیں، جو جمہوری اقدار کے برعکس ان کے غیر ذمہ دارانہ رویے کو ظاہر کرتا ہے۔

## سیاست کا 'فقیر' رخصت ہو گیا

# ملک کے معمر ترین ایس پی رکن اسمبلی عالم بدیع کا انتقال

### سیاسی حلقوں اور ان کے اہل خانہ میں گہرے غم کی لہر، 90 سال کی عمر میں پانچ بار رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے، پانچ ماہ قبل اسکوٹر سے اسمبلی پہنچے تھے، اکھلیش یادو نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا



اعظم گڑھ۔ سماجوادی پارٹی کے سینئر لیڈر اور اعظم گڑھ ضلع کے نظام آباد سیٹ سے رکن اسمبلی عالم بدیع کا طویل علالت کے بعد انتقال ہو گیا ہے۔ عالم بدیع کچھ وقت قبل لکھنؤ کے میدانتا اسپتال میں داخل تھے، جہاں طویل علاج کے بعد آج ان کا انتقال ہو گیا۔ عالم بدیع کا انتقال اعظم گڑھ میں واقع ان کی رہائش گاہ پر ہوا، انہیں محض 4 دن پہلے ہی لکھنؤ کے میدانتا اسپتال سے ڈسچارج کرایا گیا تھا۔ گزشتہ پیر کو انہیں اسپتال سے چھٹی ملنے کے بعد اعظم گڑھ لایا گیا تھا۔ رکن اسمبلی عالم بدیع کے انتقال کی خبر سنتے ہی ان کی رہائش گاہ پر راشٹریہ علماء کونسل کے قومی صدر مولانا عامر رشادی مدنی، سماجوادی پارٹی کے رکن اسمبلی نفیس احمد، عالم بدیع کے بیٹے مستجاب عالم بابو، گڈو جمالی کے نمائندے عبداللہ شیخ وغیرہ پہنچے۔ رکن اسمبلی عالم بدیع نے 90 سال کی عمر میں آخری سانس لی، وہ 5 مرتبہ رکن اسمبلی رہ چکے ہیں۔ ان کے انتقال سے سیاسی حلقوں اور ان کے اہل خانہ کے درمیان غم کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ان کے جنازے کی نماز شام 4 بجے ادا کی جائے گی۔ یہ نماز جامعۃ الرشاد میں ہوگی۔

عالم بدیع کا نظام آباد میں طویل عرصے سے دبدبہ رہا۔ وہ یہاں سے 5ویں مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔ انہیں یہاں سے پہلی بار 1996 میں جیت ملی تھی۔ انہوں نے 1996 سے 2007 تک یہاں سے عوامی نمائندگی کی اور 2007 میں انہیں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پھر 2012 میں انہیں دوبارہ جیت ملی اور تب سے یہ مسلسل اس سیٹ پر انتخاب جیتتے رہے اور 5ویں مرتبہ 2022 میں رکن اسمبلی منتخب ہوئے۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے بھی رکن اسمبلی عالم بدیع کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ "سماجوادی پارٹی کے سینئر رہنما اور اعظم گڑھ کی نظام آباد اسمبلی سیٹ سے مقبول رکن اسمبلی جناب عالم بدیع کا انتقال انتہائی افسوسناک ہے۔ اللہ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ سوگوار خاندان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا ہو، دلی تعزیت۔"

قابل ذکر بات ہے کہ سرکاری ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے سیاست میں قدم رکھا۔ انہوں نے 1950 میں اسلامیہ سے ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا تھا، لیکن کسی وجہ سے اس وقت اپنا سرٹیفکیٹ حاصل نہیں کر سکے تھے۔ اس کے 76 سال بعد رواں سال اپریل میں اسکول گئے، جہاں ایک شاندار تقریب میں انہیں سرٹیفکیٹ پیش کیا گیا۔ اپنی دیانت داری اور سادگی کی وجہ سے سیاسی حلقوں میں منفرد شناخت رکھنے والے عالم بدیع کو کئی مرتبہ وزیر بننے کی پیشکش بھی کی گئی، لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ ان کا ماننا تھا کہ ان کی جگہ کسی نوجوان کو یہ ذمہ داری دی جانی چاہیے۔ سابق وزیرِ اعلیٰ ملائم سنگھ یادو کے بعد اکھلیش یادو سے بھی ان کے قریبی تعلقات رہے۔ سرکاری ملازمت، پھر سیاست، اور وہ بھی 5 مرتبہ رکنِ اسمبلی بننے کے باوجود عالم بدیع نہایت سادہ زندگی گزارتے تھے۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ رکن اسمبلی بننے کے بعد بھی وہ مہنگی اور بڑی گاڑیوں کے بجائے روڈویز بسوں میں سفر کیا کرتے تھے۔ لکھنؤ میں اسمبلی جانے کے لیے وہ اپنی اسکوٹی استعمال کرتے تھے۔ وہ وی آئی پی کلچر، یعنی گنر یا کسی بھی قسم کی سرکاری سکیورٹی نہیں رکھتے تھے۔

### نہ قافلے کا شوق تھا نہ وی آئی پی شان وشوکت کا غرور

# گورکھپور میں 994 کروڑ روپے کے 14 پروجیکٹوں کا کیا افتتاح

### عقیدے پر حملہ کرنے والے اب بن گئے عقیدے والے، عوامی اجتماع سے سی ایم یوگی کا خطاب



گورکھپور (پی این ایس) وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے جمعرات کو گورکھپور کے اپنے دورے کے دوران مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کی نقاب کشائی کی۔ انہوں نے 813 کروڑ روپے کے چار پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور 181 کروڑ روپے کے 10 پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا۔ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے اپوزیشن پر شدید حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ کبھی عقیدے پر حملہ کرتے تھے وہ اب مومن ہونے کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ انہوں نے ریاستی حکومت کی ترقیاتی اور عوامی بہبود کی اسکیموں کا بھی ذکر کیا۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ 2007 سے 2017 کے درمیان 10 سالوں میں سماج وادی پارٹی، بہوجن سماج پارٹی اور کانگریس کے اتحاد نے 29 شوگر ملیں بند کر دیں۔ چیف منسٹر نے الزام لگایا کہ سماج وادی پارٹی اور کانگریس نے نوجوانوں کے مستقبل کے خلاف ناانصافی اور استحصال کیا، یہ حقیقت ریاست کے عوام کو اچھی طرح معلوم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج "نئے اتر پردیش" میں ترقی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ ریاست میں سڑک کے رابطے میں پہلے کے مقابلے میں نمایاں بہتری آئی ہے، اور حکومت بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے مسلسل کام کر رہی ہے۔ جمعرات کو، ٹی پی نگر-پیڈلینڈ مارگ پر 2.6 کلومیٹر طویل چھ لین فلائی اوور سمیت 813.52 کروڑ روپے کے چار پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے اور 181.77 کروڑ روپے کے 10 ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کانگریس اور سماجوادی پارٹی کی طرف سے عقیدے کا پرچار کرنا بے بنیاد ہے۔ ایس پی نے اپنے دور حکومت میں شری رام جنم بھومی مندر کی تحریک میں رکاوٹ ڈالی۔ اس نے رام بھکتوں پر گولی چلائی۔ کانگریس نے بھگوان شری رام کے وجود اور مندر تحریک کے خلاف سپریم کورٹ میں اپنا وکیل کھڑا کیا۔ ایسے لوگ آج ایمان کی بات کیسے کر سکتے ہیں؟

سی ایم یوگی نے کہا کہ کانگریس اور ایس پی نے اپنی حکومتوں کے دوران نہ صرف عقیدے کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی بلکہ نوجوانوں کو نوکریوں اور روزگار سے بھی محروم رکھا اور کسانوں کو ان کے حقوق سے بھی محروم رکھا۔ ان جماعتوں کی حکومتوں نے بہنوں، بیٹیوں اور تاجروں کی حفاظت کو خطرے میں ڈال دیا۔ انہوں نے کہا کہ 2017 سے پہلے اتر پردیش میں فسادات روزانہ ہوتے تھے اور انارکی پھیلی ہوئی تھی۔ ہولی، درگا پوجا، وجے دشمی، رام نوامی اور کرشنا جنم اشٹمی جیسے تہواروں پر فسادات پھوٹ پڑے اور کنور یاترا کی اجازت نہیں دی گئی۔ اب یہی لوگ ایمان کے بارے میں مضحکہ خیز خطبے دے رہے ہیں۔ چیف منسٹر یوگی آدتیہ ناتھ نے 2017 سے پہلے انسیفلائٹس کے حوالے سے حکومت کی بے حسی اور سیکورٹی اور سرمایہ کاری کی خراب صورتحال پر کانگریس اور سماج وادی پارٹی پر بھی حملہ کیا۔

## نیٹ پیپر لیک معاملے میں سنجیو مکھیا کو کلین چٹ

نئی دہلی۔(ایجنسی) نیٹ-یو جی 2024 پیپر لیک معاملے میں سی بی آئی نے سنجیو مکھیا کو کلین چٹ دے دی ہے۔ تحقیقاتی ایجنسی نے کہا کہ سنجیو کمار عرف سنجیو مکھیا کے خلاف تحقیقات کے دوران ایسا کوئی ثبوت نہیں ملا، جس سے اس معاملے میں اس کا کردار ثابت ہو سکے۔ ایجنسی نے کہا کہ اسے جان بوجھ کر بچائے جانے کی جو باتیں سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع میں کہی جا رہی ہیں، وہ پوری طرح حقیقت کے برعکس اور بے بنیاد ہیں۔ سی بی آئی کے مطابق شروعات میں بہار پولیس نے نیٹ-یو جی 2024 کا سوالیہ پرچہ چوری ہونے کا مقدمہ درج کیا تھا۔ اس وقت سنجیو مکھیا کا نام ایف آئی آر میں اس لیے جوڑا گیا تھا کیونکہ وہ پہلے بھی امتحانی پرچے لیک کرنے اور چوری سے جڑے کچھ معاملات میں ملزم رہ چکا تھا۔ بعد میں یہ معاملہ سی بی آئی کو سونپ دیا گیا۔ ایجنسی نے تفصیلی تحقیقات کے دوران سوالیہ پرچے کی چوری، اس کی تقسیم اور اس سے فائدہ اٹھانے والے تمام لوگوں کی شناخت کی۔

# طلبہ کے حق میں راہل گاندھی کی قیادت میں اپوزیشن کا مارچ

### اپوزیشن رہنماؤں نے آئین ہند کی کاپیاں تھام کر وزیر تعلیم کے استعفے کا مطالبہ دہرایا، متوفی طلبہ کو خراج عقیدت







نئی دہلی: (ایجنسی) نیٹ پیپر لیک اور طلبہ کے جاری احتجاج کے معاملے پر اپوزیشن جماعتوں نے اپنی سیاسی سرگرمیوں میں مزید شدت لاتے ہوئے جمعرات کو گاندھی اسمرتی میں علامتی احتجاج کیا۔ لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی کی قیادت میں انڈیا اتحاد کے 120 سے زائد ارکان پارلیمنٹ نے آئین ہند کی کاپیاں ہاتھوں میں تھام کر نہ صرف متوفی طلبہ کو خراج عقیدت پیش کیا بلکہ مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے اور طلبہ سے معافی کا مطالبہ بھی دہرایا۔ جنتر منتر پر طلبہ کے جاری احتجاج اور ان کے خلاف پولیس کارروائی کے پس منظر میں اپوزیشن جماعتوں کے رہنما شام کے وقت راہل گاندھی کی 5، سنہری باغ روڈ واقع رہائش گاہ پر جمع ہوئے۔ اس موقع پر کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، پرینکا گاندھی واڈرا، جے رام رمیش، کے سی وینوگوپال، پی چدمبرم سمیت متعدد سینئر کانگریسی رہنماؤں کے علاوہ ترنمول کانگریس، آر جے ڈی، این سی پی (شرد پوار)، شیوسینا (ادھو ٹھاکرے گروپ)، سی پی آئی، سی پی ایم اور دیگر جماعتوں کے ارکان پارلیمنٹ بھی موجود تھے۔

اجلاس کے بعد اپوزیشن رہنما دو بسوں میں سوار ہو کر گاندھی اسمرتی کے لیے روانہ ہوئے، تاہم دہلی پولیس نے راستے میں بیریکیڈنگ کرتے ہوئے ان کے قافلے کو روک دیا۔ پولیس کی جانب سے بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا (بی این ایس ایس) کی دفعہ 163 کے نفاذ کا حوالہ دیا گیا، جس کے باعث کچھ وقت کے لیے تعطل کی صورتحال پیدا ہوئی۔ بعد ازاں پولیس نے اپوزیشن رہنماؤں کو گاندھی اسمرتی جانے کی اجازت دے دی۔ گاندھی اسمرتی پہنچنے کے بعد اپوزیشن رہنماؤں نے ان طلبہ کو خراج عقیدت پیش کیا جن کے بارے میں اپوزیشن جماعتوں کا کہنا ہے کہ امتحانات میں بے ضابطگیوں اور نیٹ پیپر لیک جیسے معاملات کے بعد انہوں نے اپنی جانیں گنوائیں۔ ارکان پارلیمنٹ نے ہاتھ جوڑ کر متوفی طلبہ کو یاد کیا اور بعد ازاں قومی ترانہ بھی گایا۔ اس موقع پر راہل گاندھی اپنے ہاتھ میں آئین ہند کی ایک مختصر کاپی تھامے ہوئے نظر آئے، جبکہ متعدد ارکان پارلیمنٹ نے بھی آئین کی کاپیاں ساتھ رکھی تھیں۔ ترنمول کانگریس کی مہوا موئترا اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی مہوا ماجھی قومی پرچم تھامے ہوئے تھیں، جبکہ کئی اپوزیشن رہنماؤں نے اپنے موبائل فون کی فلیش لائٹس روشن کر کے طلبہ کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ گاندھی اسمرتی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راہل گاندھی نے کہا کہ "ہمارے رہنما مہاتما گاندھی کو اسی مقام پر قتل کیا گیا تھا۔ آج مودی حکومت ہندوستان میں جمہوریت کا قتل کر رہی ہے۔ حکومت طلبہ پر ظلم کر رہی ہے اور پُرامن احتجاج کرنے والے نوجوانوں کو پیٹ رہی ہے۔ اپوزیشن اسے قبول نہیں کرے گی۔

## سی جے پی کا ملک گیر مظاہرہ آج

### نڈا کی رہائش گاہ پر مذاکرات سے انکار، غیر جانبدار مقام پر بات چیت اور ٹھوس نتائج کا مطالبہ

نئی دہلی (یواین آئی) مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے جمعرات کو کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کو مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا کی رہائش گاہ یا دفتر میں بات چیت کی حکومت کی پیشکش دہرائی، تاہم جنتر منتر پر موجود سی جے پی قیادت نے اسے مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ مذاکرات کسی غیر جانبدار مقام پر ہوں اور ان سے ٹھوس نتائج برآمد ہوں۔ سی جے پی نے حالیہ احتجاج کے دوران مبینہ پولیس زیادتیوں کے متاثرین کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے اپنے حامیوں، طلبہ تنظیموں اور سول سوسائٹی سے جمعہ 24 جولائی کو ملک گیر پرامن احتجاج کرنے کی اپیل بھی کی ہے۔ مسٹر جتیندر سنگھ کے مطابق، مبینہ پرچہ لیک اور دیگر مطالبات کے سلسلے میں حکومت کی جانب سے یقین دہانیوں اور مذاکرات کی دعوت کا یہ چوتھا اقدام تھا۔ اس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے سی جے پی کے ترجمان آشوتوش رانکا نے کہا کہ اگر مذاکرات ہوتے ہیں تو ان سے کوئی ٹھوس نتیجہ نکلنا چاہیے۔ انہوں نے جنتر منتر پر حامیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ محض رسمی بات چیت کے لیے وقت نہیں رکھتے، اور اگر حکومت ملاقات چاہتی ہے تو اسے واضح اور قابل عمل تجویز پیش کرنی ہوگی۔ مسٹر رانکا نے دعویٰ کیا کہ حکومت کا کہنا ہے کہ عوام کے غصے کے باعث وہ جنتر منتر نہیں آسکتی۔ ان کے مطابق سی جے پی نے غیر جانبدار مقام پر ملاقات کی پیشکش کی تھی، لیکن حکومت صرف جے پی نڈا کے دفتر یا رہائش گاہ پر بات چیت پر اصرار کر رہی ہے۔ بعد ازاں انہوں نے مجمع سے حکومت کی پیشکش قبول کرنے کے بارے میں رائے پوچھی، جس پر مظاہرین نے متفقہ طور پر "نہیں" میں جواب دیا۔




# ایران پر امریکی میزائل حملے میں 2 افراد شہید، 11 زخمی

## امریکی حملے جاری رہے تو نئی حکمتِ عملی اپنائیں گے: ایران کا انتباہ★کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا: ایران★امریکہ کا لڑائی کے دوبارہ آغاز کے بعد پہلی بار "بی ون بمبار طیارے" سے ایران پر حملہ



تہران، 23 جولائی (یو این آئی) امریکی حملوں کے دوران ایران کے جنوب مغربی صوبوں خوزستان، ہرمزگان اور بوشہر میں مختلف مقامات پر دھماکے ہوئے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران عراق کے سرحدی علاقے شلمچہ بارڈر کراسنگ کے قریب امریکی میزائل حملے میں 2 افراد شہید اور 11 زخمی ہو گئے۔ امریکی حملوں میں اہواز، ماہشہر، رامشیر، اندیمشک، سیریک اور جاسک کے علاقوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق بوشہر میں نیوکلیئر پاور پلانٹ کے قریب بجلی کے ایک سب اسٹیشن کو بھی نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں شہر میں چند گھنٹوں تک بجلی کی فراہمی معطل رہی۔ ایران پر حملوں سے متعلق امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے اعلان کیا ہے کہ اس نے حملوں کا ایک اور مرحلہ مکمل کر لیا ہے، جس کا مقصد شہری بحری جہازوں اور تجارتی جہازوں پر حملہ کرنے کی ایرانی صلاحیت کو مزید کمزور کرنا تھا۔ سینٹ کام کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 12 ویں روز کی کارروائی کے دوران ایرانی فوجی اہداف، جن میں بحری عسکری صلاحیتوں، میزائل اور ڈرون ذخیرہ گاہوں، ساحلی نگرانی کے مراکز اور فضائی دفاعی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی افواج نے رواں ماہ ایران کے درجنوں زمینی فوجی مقامات کو بھی نشانہ بنایا ہے، جبکہ سمندری ناکہ بندی پر بھی عمل درآمد جاری ہے۔

☆ایران نے خبردار کیا ہے کہ امریکی حملے جاری رہے تو نئی حکمتِ عملی اپنائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایران کی مسلح افواج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل امیر محمد اکرمینیا نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے جنوبی انفرااسٹرکچر پر امریکی حملے جاری رہے تو ملکی سیکیورٹی فورسز ایسی نئی حکمتِ عملیاں اور عسکری اقدامات اختیار کریں گے جن سے جارح قوتوں کے لیے جنگ جاری رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ڈیفنس پریس کو دیے گئے انٹرویو میں بریگیڈیئر جنرل امیر محمد اکرمینیا نے کہا کہ امریکی فریق کی جانب سے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) کی خلاف ورزی کے بعد اب جنگ ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایران کی مسلح افواج امریکی جارحیت کے جواب میں جوابی کارروائیاں کر رہی ہیں اور یہ کارروائیاں اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک امریکا ایران کے بنیادی ڈھانچے اور ساحلی علاقوں کو نشانہ بنانا بند نہیں کرتا۔ اکرمینیا نے کہا کہ ایران اپنے قومی مفادات اور سرحدی سلامتی کے دفاع کے لیے ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔

☆ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ایران اپنی سرزمین پر ہونے والے کسی بھی حملے کا جواب ضرور دے گا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ ایران یا اس کے بنیادی ڈھانچے کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا※۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایکس پر لکھا کہ اس قسم کی جارحیت میں کسی بھی نوعیت کی معاونت کرنے والے تمام فریقوں کو بھی جائز ہدف تصور کیا جائے گا※۔ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی فوج کو ایران پر جہنم کے دروازے کھولنے کا حکم دیا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے 3 روز قبل سینٹ کام کو حکم جاری کیا، امریکی صدر نے تین روز پہلے کا بیان سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر آج دوبارہ جاری کیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کو بڑی قیمت ادا کرنا پڑے گی، انہیں تباہ کیا جا رہا ہے، حملے جاری رہیں گے۔ ٹرمپ کی دھمکی پر ردِعمل دیتے ہوئے ایرانی خبر ایجنسی تسنیم سے گفتگو کرتے ہوئے ایک ایرانی فوج کے عہدیدار نے کہا کہ اگر امریکی ایران میں کسی پل یا بجلی گھر کو نشانہ بنائیں گے تو ایران بھی خطے کے بنیادی ڈھانچے، پلوں اور ان توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنائے گا جہاں امریکا کے مفادات موجود ہیں۔

☆امریکی فوج نے لڑائی کے دوبارہ آغاز کے بعد پہلی بار بی ون بمبار نے پاسداران انقلاب کے اہداف کو نشانہ بنایا، یہ طیارہ 2000 پاؤنڈ وزنی 24 بم یا درجنوں میزائل لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی کے خاتمے اور لڑائی کے دوبارہ آغاز کے بعد امریکی افواج نے ایران میں پاسدارانِ انقلاب کے اہداف کو نشانہ بنانے کے لیے پہلی بار طویل فاصلے تک مار کرنے والے انتہائی تباہ کن "بی ون بمبار طیارے" کا استعمال کیا شروع کر دیا۔ امریکی نیوز ویب سائٹ 'ایگزیوس' کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ امریکی فوج نے گزشتہ روز پاسدارانِ انقلاب کے اہم فوجی مراکز کو نشانہ بنانے کے لیے اس بھاری بمبار طیارے کے ذریعے مشن سرانجام دیا۔ لڑائی کے حالیہ مرحلے میں یہ پہلا موقع ہے جب امریکہ نے اس قدر جارحانہ اور بڑے پیمانے پر بمباری کرنے کی صلاحیت رکھنے والے طیارے کو میدان میں اتارا ہے۔ دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ بی ون لانسر امریکی فضائیہ کا سب سے خطرناک روایتی ہتھیار لے جانے والا طیارہ ہے، یہ طیارہ دو ہزار (000,2) پاؤنڈ وزنی 24 بم یا درجنوں کروز میزائل بیک وقت لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ بی ون بمبار کسی بھی قسم کے بمبار طیارے کے مقابلے میں سب سے زیادہ وزنی بم لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے جبکہ زمین سے کم بلندی پر بھی آواز کی رفتار سے تیز پرواز کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ امریکی اخبار 'وال اسٹریٹ جرنل' کا کہنا ہے کہ خطے میں امریکی فوج کی موجودگی میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اب ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیوں کی طرف واپسی پر سنجیدگی سے غور کر رہے ہیں۔ امریکی اور اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ ایران پر اگلا بڑا حملہ آئندہ چند دنوں کے اندر متوقع ہے، جس کے لئے امریکی اسپیشل فورسز اور جدید لڑاکا طیاروں کو مشرقِ وسطیٰ میں تعینات کیا جا رہا ہے۔ امریکہ اور برطانیہ میں موجود تمام اسٹریٹجک بمبار طیاروں کو ہائی الرٹ پر رکھ دیا گیا ہے تاکہ کسی بھی وقت بڑے مشن کا آغاز کیا جا سکے۔

### آنکھ کے بدلے آنکھ، کان کے بدلے کان: عباس عراقچی




تہران، 23 جولائی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیان پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ردعمل میں کہا ہے کہ ہمارا دفاعی نظریہ واضح ہے، آنکھ کے بدلے آنکھ، کان کے بدلے کان۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف ایک بار پھر پلوں اور بجلی گھروں پر بمباری کی دھمکی دی ہے، انھوں نے سوشل میڈیا پر اپنی تازہ پوسٹ میں کہا آج کے بعد اگر اسلامی جمہوریہ ایران آبنائے ہرمز میں کسی بھی جہاز پر میزائل، راکٹ، ڈرون یا کسی بھی دوسرے آلے یا ہتھیار سے حملہ کرتا ہے تو امریکا تہران کے دارالحکومت میں یا اس کے قریب واقع پلوں یا بجلی گھروں میں سے ایک کو بمباری کر کے تباہ کر دے گا۔ اس بیان کے ردعمل میں وزیر خارجہ ایران عباس عراقچی نے کہا اگر ایران کی اہم تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا تو سخت اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، جارحیت میں شریک یا معاونت فراہم کرنے والے تمام فریق جائز اہداف تصور ہوں گے۔ ادھر خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹر نے بھی امریکہ کی دھمکیوں کے جواب میں کہا ہے کہ ایران کے بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا گیا تو علاقائی تیل کی برآمدات روک دیں گے، تیل، گیس، بجلی و دیگر اقتصادی انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنایا جائے گا، اور ایسی کوئی کارروائی پورے خطے اور خطے سے بھی باہر تنازع کو بڑھا دے گی۔

# ایران پر مسلسل بارہویں رات فضائی حملے
# پاسداران کی کویت میں جوابی کارروائی



واشنگٹن/تہران 23 جولائی (یو این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کا کہنا ہے کہ ایران پر مسلسل بارہویں رات فضائی حملے کیے گئے ہیں، جن میں ایرانی فوجی کمانڈ سینٹرز اور فضائی دفاعی نظام کو نشانہ بنایا گیا۔ سینٹ کام کے مطابق آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں پر ایرانی حملوں کی صلاحیت کو ناکارہ بنانے کے لیے امریکی فوج نے ایران کے ساحلی نگرانی کے مراکز، میزائل اور ڈرون لانچ سائٹس کو بھی نشانہ بنایا۔ ادھر ایرانی سرکاری میڈیا نے تصدیق کی ہے کہ ایران کے شہر اہواز میں زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی، ماہشہر، سیریک اور سرافان میں بھی متعدد دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئیں، جنوبی ایران کی بندرگاہ ماہشہر میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، جب کہ سرافان میں 6 دھماکے ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سرکاری میڈیا کے مطابق ایران میں امریکی حملوں کے نتیجے میں شہید ہونے والوں کی تعداد 53 ہو گئی ہے، جب کہ زخمیوں کی تعداد 592 تک پہنچ گئی، یہ ہلاکتیں 27 جون سے 22 جولائی کے دوران ہونے والے امریکی حملوں کے نتیجے میں ہوئی ہیں۔ ایرانی خبر رساں ایجنسی ایسنا نے صوبہ ہرمزگان کی بندرگاہوں اور بحری انتظامیہ کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی حملے میں بحریہ کے سرچ اینڈ ریسکیو کے 2 جہاز نشانہ بنے اور انھیں شدید نقصان پہنچا ہے۔ امریکی حملوں میں شلمچہ میں ایک مسافر اسٹیشن کے قریب، عراق کی سرحد سے متصل علاقے میں مقامی حکام کے مطابق کم از کم 2 افراد ہلاک اور 11 زخمی ہوئے ہیں۔ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران ایران کے مختلف صوبوں، خصوصاً جنوب مغربی صوبے خوزستان میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں۔ کئی شہروں میں دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئیں، جن میں رامشیر بھی شامل ہے، جہاں اسفالٹ ذخیرہ کرنے کی ایک تنصیب کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری طرف ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر مزید حملے کیے ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ یہ کارروائیاں امریکا کے خلاف جوابی اقدام ہیں، نہ کہ کویتی عوام کے خلاف۔ دعوے کے مطابق علی السالم ایئربیس پر فوجی ساز و سامان کے ایک بڑے گودام، پیٹریاٹ میزائل دفاعی نظام، اور امریکی MQ-9 ڈرونز کے ایک ہینگر کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا گیا ہے۔ پاسداران نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ اس نے العدیری فوجی بیرکس میں امریکی فوجیوں کی رہائش گاہ اور 2 ہیلی کاپٹر ہینگرز پر حملے کیے، جن کے نتیجے میں جانی نقصان ہوا اور ہیلی کاپٹروں اور ڈرونز کو بھاری نقصان پہنچا۔ امریکہ کی جانب سے ایران میں مواصلاتی ٹاورز پر حملوں کے جواب میں ایک مواصلاتی ٹاور کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ کویت کی فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایرانی ڈرون حملے کو ناکام بنانے کے لیے ملک کا فضائی دفاعی نظام فعال کر دیا گیا ہے۔ جنرل اسٹاف نے کہا کہ دھماکوں کی جو آوازیں سنائی دے رہی ہیں، وہ فضائی دفاعی نظام کی جانب سے ڈرونز کو مار گرانے کی کارروائی کا نتیجہ ہیں۔

### ہم تیل نہیں بیچیں گے تو کوئی اور بھی نہیں بیچ سکے گا: باقر قالیباف



واشنگٹن، 23 جولائی (یو این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ "اگر ہم تیل نہیں بیچیں گے تو کوئی اور بھی تیل نہیں بیچ سکے گا چیف مذاکرات کار باقر قالیباف نے بدھ کے روز متنبہ کیا کہ آبنائے ہرمز کی صورت حال اب جنگ سے پہلے والی حالت میں نہیں آئے گی، اس جنگ کا اصول واضح ہے، یا سب یا کوئی نہیں، جہاں ہم تیل فروخت نہیں کریں گے وہاں کوئی اور بھی تیل فروخت نہیں کر سکے گا۔ ایرانی اسپیکر نے کہا اگر ہماری سلامتی یقینی نہیں تو کسی کی بھی سلامتی محفوظ نہیں رہے گی، آبنائے ہرمز کا تحفظ امریکی افواج کی عدم موجودگی سے وابستہ ہے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بیان میں قالیباف نے کہا کہ موجودہ تنازع "سب یا کوئی بھی نہیں" کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ انھوں نے مزید خبردار کیا کہ اگر ایران کی سلامتی کی ضمانت نہیں دی گئی تو "کوئی بھی انفرااسٹرکچر محفوظ نہیں رہے گا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ آبنائے ہرمز میں سلامتی کا انحصار امریکی افواج کی عدم موجودگی پر ہے، اور ایران کئی بار واضح کر چکا ہے کہ اس اہم آبی گزرگاہ میں حالات دوبارہ جنگ سے پہلے جیسے نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ اس سے چند گھنٹے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی تھی کہ اگر تہران آبنائے ہرمز میں کسی تجارتی جہاز پر حملہ کرے گا تو امریکہ ہر ایسے حملے کے جواب میں ایران کے کسی پل یا بجلی گھر کو بمباری کا نشانہ بنائے گا۔

### ہرمز سے گزرتے ایک جہاز میں آگ لگ گئی، دو مڑ گئے، پاسداران

تہران، 23 جولائی (یو این آئی) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے جنوب میں بارودی سرنگوں والے راستے سے گزرنے کی کوشش کے دوران تین میں سے ایک آئل ٹینکر میں دھماکے کے بعد آگ لگ گئی، جبکہ دیگر دو ٹینکر واپس مڑ گئے۔ پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز ایران کے کنٹرول میں ہے اور خطے میں امریکی سرگرمیوں کے باعث اسے مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے خبردار کیا کہ ایران کی مرضی کے بغیر کسی بھی ٹینکر کو داخل ہونے یا وہاں سے گزرنے کی اجازت نہیں۔

# حوثیوں کا 2 سعودی آئل ٹینکروں پر حملہ، سعودی عرب کی تصدیق




قاہرہ/ریاض، 23 جولائی (یو این آئی) یمن کے حوثی گروپ نے جمعرات کو دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ایک فوجی کارروائی میں سعودی عرب کے 2 آئل ٹینکروں پر حملہ کیا ہے۔ روئٹرز کے مطابق سعودی سرکاری خبر رساں ایجنسی نے تصدیق کی ہے کہ بحیرۂ احمر میں سفر کے دوران حملے کے بعد ان کے دو میں سے ایک ٹینکر میں آگ بھڑک اٹھی۔ سعودی پریس ایجنسی نے جنرل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے ایک سرکاری ذریعے کے حوالے سے بتایا کہ حملے کے نتیجے میں آئل ٹینکر اینسلیا کے اگلے حصے میں آگ لگ گئی، تاہم جہاز کے تمام عملے کے ارکان محفوظ ہیں۔ سعودی عرب کے ٹینکر کو ساحل الشقیق سے تقریباً 70 ناٹیکل میل دور نشانہ بنایا گیا، برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشن کے مطابق ایک ٹینکر کے کپتان نے بتایا کہ جہاز کو میزائل لگنے کے بعد آگ بھڑک اٹھی، عملہ آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ یو کے ایم ٹی او کے مطابق حملے میں ابھی کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ سعودی حکام نے اس حملے کو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ترجمان حوثی باغی کے مطابق اینسلیا اور لیلیٰ نامی 2 آئل ٹینکروں کو ممنوعہ بحری راستے سے گزرنے پر نشانہ بنایا گیا ہے، جہازوں نے بحیرۂ احمر میں حوثی گروپ کی جانب سے عائد کردہ بحری ناکہ بندی کی خلاف ورزی کی تھی۔ حوثیوں کا کہنا تھا کہ حملوں میں بیلسٹک اور کروز میزائلوں کے علاوہ ڈرون بھی استعمال کیے گئے۔ ایک سمندری سیکیورٹی ذریعے کے مطابق اینسلیا نے وی ایچ ایف ریڈیو کے ذریعے ہنگامی پیغام بھیجا تھا کہ بحیرۂ احمر میں سعودی عرب کے شہر جازان کی بیرونی بندرگاہی حدود کے قریب اسے ایک میزائل نے نشانہ بنایا، جس کے باعث جہاز میں آگ لگ گئی۔ برطانوی ادارے وین گارڈ نے کہا کہ حوثیوں نے مبینہ طور پر اس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ حوثیوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ان کی کارروائی کے نتیجے میں تقریباً 10 جہازوں کو اپنا سفر روک کر واپس لوٹنا پڑا۔ جہازوں کی نقل و حرکت کے اعداد و شمار کے مطابق، بدھ کے روز بحیرۂ احمر میں 5 آئل ٹینکروں نے اپنا راستہ تبدیل کیا، جن میں سے دو نے حوثیوں کی جانب سے جہازوں کو سعودی بندرگاہوں سے دور رہنے کی وارننگ کے بعد نہرِ سویز کو اپنی نئی منزل ظاہر کیا۔

### ایران معاہدہ کرنے کیلئے منتیں کر رہا ہے: مارکو روبیو

منیلا، 23 جولائی (یو این آئی) امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے ایران کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک تہران اپنے طرزِ عمل میں تبدیلی نہیں لاتا، اسے ہر گزرتی رات کے ساتھ مزید بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ فلپائن کے دارالحکومت منیلا میں آسیان کانفرنس کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ ایران ہر رات کے ساتھ زیادہ قیمت ادا کرے گا، جب تک وہ ہوش کے ناخن نہیں لیتا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران معاہدہ کرنے کی منتیں کر رہا ہے، لیکن ایسا لگتا ہے کہ وہ ابھی بھی کسی معاہدے کے لیے تیار نہیں، اگر وہ معاہدہ نہیں کرتا تو اسے اس کی قیمت چکانا ہوگی۔ روبیو نے الزام عائد کیا کہ ایران جب بھی کوئی معاہدہ کرتا ہے تو یا اسے توڑ دیتا ہے یا اس کی شرائط تبدیل کر دیتا ہے۔ یمن کی صورتِ حال پر بات کرتے ہوئے امریکی وزیرِ خارجہ نے کہا کہ حوثیوں کو ایران نے گمراہ کیا ہے، امید ہے کہ حوثی باغی کشیدگی میں کمی لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب اہم اسٹریٹیجک شراکت دار ہے، اس کے ساتھ جوہری معاہدہ کرنا قابلِ فہم ہے۔

# جیفری ایپسٹین کا ساتھی اور ماڈلز بھرتی کرنیوالا ڈینیئل سیاد فرانس میں مردہ پایا گیا





پیرس، 23 جولائی (یو این آئی) فرانس میں ماڈل اسکاؤٹ اور جیفری ایپسٹین سے خواتین کا تعارف کرانے والا ڈینیئل سیاد اپنے گھر میں مردہ حالت میں ملا ہے۔ فرانسیسی پراسیکیوٹرز کے مطابق 69 سالہ ڈینیئل سیاد کی لاش نواحی علاقے کولومب میں واقع اس کی رہائش گاہ سے ملی۔ حکام نے موت کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ لاش کا پوسٹ مارٹم بھی کرایا جائے گا۔ ڈینیئل سیاد ان فرانسیسی افراد میں شامل تھا جن پر الزام تھا کہ انہوں نے امریکی مالیاتی شخصیت اور سزا یافتہ جنسی مجرم جیفری ایپسٹین کو خواتین فراہم کرنے اور انہیں جنسی استحصال کے لیے پھانسنے میں مدد دی۔ متعدد خواتین کا کہنا ہے کہ سیاد نے ان کا تعارف ایپسٹین سے کرایا، جس کے بعد وہ مبینہ طور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنیں۔ تاہم ڈینیئل سیاد نے ہمیشہ ان الزامات کی تردید کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ ایپسٹین نے مجھے دھوکا دیا تھا اور مجھے یہ علم نہیں تھا کہ وہ ایک خطرناک شخص ہے۔ سیاد کے خلاف فرانس میں زیادتی اور انسانی اسمگلنگ کے الزامات پر بھی تحقیقات جاری تھیں۔ عدالتی دستاویزات کے مطابق ڈینیئل سیاد کا نام ایپسٹین سے متعلق جاری ہونے والی تقریباً 2 ہزار دستاویزات میں سامنے آیا، جن سے معلوم ہوا کہ وہ مختلف ممالک کے سفر کے دوران ملنے والی خواتین کی تصاویر باقاعدگی سے ایپسٹین کو بھیجتا تھا۔ 2014ء کی ایک ای میل میں سیاد نے اپنی سرگرمیوں کو ماہی گیری سے تشبیہ دیتے ہوئے لکھا تھا کہ کبھی جلدی شکار مل جاتا ہے اور کبھی ایک بھی مچھلی ہاتھ نہیں آتی۔ سیاد کے وکیل میبیا عرب ٹیگرین کا کہنا ہے کہ میرے مؤکل سے ابھی تک فرانسیسی تفتیش کاروں نے پوچھ گچھ نہیں کی تھی، تاہم وہ اپنی صفائی پیش کرنے کے خواہش مند تھے۔ وکیل نے کہا کہ اگر سیاد کی موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی ہے تو اس میں روزانہ برداشت کیے جانے والے شدید ذہنی دباؤ، انتظار اور بے چینی کا بھی کردار ہو سکتا ہے۔ ایپسٹین کیس سے منسلک متاثرہ خواتین نے سیاد کی موت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی گواہی سے اس پورے نیٹ ورک کے بارے میں مزید حقائق سامنے آ سکتے تھے۔ سابق فرانسیسی ماڈل جولیٹ کا دعویٰ ہے کہ 2004ء میں سیاد نے میرا تعارف ایپسٹین سے کرایا تھا۔ جولیٹ نے کہا ہے کہ سچ تک پہنچنے اور ذمے دار افراد کی نشاندہی کرنے والی ایک اہم کڑی ختم ہو گئی۔ دوسری جانب سابق سویڈش ماڈل ایبا کارلسن، جنہوں نے فروری میں سیاد کے خلاف زیادتی کی شکایت درج کرائی تھی، ان کا کہنا ہے کہ گرفتاری قریب تھی اور انصاف کی امید پیدا ہو گئی تھی، لیکن اس کی موت سے شدید مایوسی ہوئی۔ یاد رہے کہ 2022ء میں ایپسٹین سے تعلق رکھنے والا فرانسیسی ماڈلنگ ایجنٹ ژاں لوک برونیل بھی فرانس کی جیل میں خودکشی کر چکا تھا، جہاں اسے خواتین فراہم کرنے کے الزامات میں گرفتار کیا گیا تھا۔ جیفری ایپسٹین 2019ء میں امریکہ میں جنسی اسمگلنگ کے مقدمے کی سماعت سے قبل جیل میں مردہ پایا گیا تھا، امریکی حکام نے اس کی موت کو خودکشی قرار دیا تھا۔

# اسرائیل نے تازہ خلاف ورزیوں میں چار فلسطینیوں کو قتل کر دیا



غزہ، 23 جولائی (یو این آئی) اسرائیل نے محصور غزہ کے مختلف علاقوں پر حملوں کے دوران تین فلسطینیوں کو قتل اور متعدد کو زخمی کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ ایک چوتھے فلسطینی کی موت اسرائیل کے ایک سابقہ حملے میں لگنے والے زخموں کے باعث ہوئی ہے۔ العودہ اسپتال کے مطابق، وسطی غزہ میں نصیرات پناہ گزین کیمپ کے مغرب میں واقع النویری پہاڑی کے قریب بے گھر خاندانوں کے خیمے پر اسرائیلی ڈرون حملے میں 28 سالہ صائب ابو معلیٰ شہید ہو گیا اور کئی فلسطینی زخمی ہو گئے ہیں۔ طبی اور مقامی ذرائع کے مطابق دن کے اولین اوقات میں خان یونس کے مغرب میں المواصی کے علاقے بیر 19 میں بے گھر فلسطینیوں کے خیموں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ کے نتیجے میں 59 سالہ مفید عبد الحمید ابو العنین شہید اور متعدد افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ مقامی ذرائع کے مطابق دیر البلح کے مشرق میں اسرائیلی ڈرون نے شہریوں کے ایک گروہ پر دھماکہ خیز مواد گرایا جس کے نتیجے میں ایک فلسطینی درمیانے درجے کا زخمی ہو گیا ہے۔ رفح کے علاقے المواصی میں مسجد معاویہ کے قریب ایک الگ ٹینک گولہ باری میں ایک اور شخص زخمی ہو گیا ہے۔ شمالی غزہ کے ذرائع نے بتایا ہے کہ جبالیہ پناہ گزین کیمپ کے مغرب میں الفالوجہ محلے میں اسرائیلی ڈرون حملے میں زخمی ہونے والے محمد ابو اشقیان شدید زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہو گئے ہیں۔ ادھر الشفاء اسپتال نے اعلان کیا ہے کہ 34 سالہ عبداللہ احمد حسن، جو اسرائیل کے ایک سابقہ حملے میں زخمی ہونے کے بعد زیر علاج تھے، زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گئے ہیں۔ عینی شاہدین نے انادولو ایجنسی کو بتایا ہے کہ اسرائیلی فوجی گاڑیاں ایک بلڈوزر کے ہمراہ علی الصبح غزہ شہر کے جنوب مشرقی علاقے الزیتون میں تقریباً 150 میٹر اندر تک داخل ہو گئیں۔ یہ دراندازی شدید فائرنگ، توپ خانے کی گولہ باری اور بلڈوزروں کے ذریعے وسیع پیمانے پر انہدام کے ساتھ کی گئی۔ مقامی رہائشیوں کے مطابق علاقے میں رات بھر زوردار دھماکوں کی آوازیں سنائی دیتی رہی ہیں۔ مقامی ذرائع نے مزید کہا ہے کہ اسرائیلی فوجوں نے نام نہاد "زرد لائن" کی نشاندہی کرنے والی کنکریٹ رکاوٹیں ہٹانے کے بعد صلاح الدین شاہراہ کے ساتھ واقع دولہ چوک کی جانب پیش قدمی کر کے اپنی موجودگی کو مزید وسعت دے دی ہے۔ وزارتِ صحت کے مطابق اسرائیلی فوج 10 اکتوبر 2025 سے نافذ جنگ بندی کی خلاف ورزی مسلسل شکل میں جاری رکھے ہوئے ہے اور غزہ پر روزانہ حملے کر رہی ہے۔ ان حملوں میں 180,1 فلسطینی شہید اور 810,3 زخمی ہو گئے ہیں۔ واضح رہے کہ اسرائیل اکتوبر 2023 سے غزہ پر مسلط کردہ نسل کشی میں، زیادہ تر عورتوں اور بچوں پر مشتمل، 73 ہزار سے زائد فلسطینیوں کو قتل کر چکا ہے۔ ان حملوں نے محصور غزہ کے بیشتر حصے کو کھنڈر میں تبدیل کر دیا اور تقریباً پوری آبادی کو بے گھر ہونے پر مجبور کر دیا ہے۔

### یورپی ممالک جانے والوں پر نئی شرائط لاگو

بروسیلز، 23 جولائی (یو این آئی) یورپی ممالک کا سفر کرنے والے تمام غیر ملکی مسافروں کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق نئی شرائط کو پورا کرنا ہوگا۔ غیر ملکی مسافروں کے لیے یورپی یونین نے انٹری/ ایگزٹ کا نیا نظام متعارف کرا دیا جو 10 اپریل 2026 سے نافذ العمل ہو چکا ہے۔ بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے یاددہانی کے طور پر آگاہ کیا ہے کہ یورپی یونین کا نیا انٹری/ ایگزٹ سسٹم 10 اپریل 2026 سے نافذ العمل ہو چکا ہے، جس کا مقصد یورپی سرحدی نظام کو مزید محفوظ، جدید اور مؤثر بنانا ہے۔ بیورو کی جانب سے جاری کردہ معلومات کے مطابق ای ای ایس ایک جدید اور خودکار ڈیجیٹل بارڈر مینجمنٹ سسٹم ہے، جو یورپی یونین کے رکن ممالک میں مختصر مدت کے لیے سفر کرنے والے غیر یورپی شہریوں کے داخلے اور روانگی کا ریکارڈ خودکار طریقے سے محفوظ کرے گا اس نظام کے تحت مسافروں کے پاسپورٹ کی معلومات، تصویر اور انگلیوں کے نشانات (فنگر پرنٹس) بارڈر کنٹرول پر محفوظ کیے جائیں گے، جس سے سرحدی کارروائی کو مزید مؤثر اور محفوظ بنایا جا سکے گا۔ بیورو کے مطابق نئے نظام کے نفاذ سے بارڈر پر انتظار کا وقت کم ہوگا، سیکیورٹی میں اضافہ ہوگا، جعلی شناخت اور سفری دستاویزات کے استعمال کی روک تھام ممکن ہوگی، جبکہ مقررہ مدت سے زیادہ قیام کرنے والے افراد کی بہتر نگرانی بھی کی جا سکے گی۔ تمام مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ یورپی ممالک کے سفر سے قبل وہ اس نئے نظام سے متعلق آگاہی حاصل کریں اور امیگریشن کے دوران بائیومیٹرک معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار رہیں، تاکہ سفری عمل بلا رکاوٹ مکمل ہو سکے۔ بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے مزید کہا ہے کہ یہ نظام یورپی یونین میں داخلے اور اخراج کے عمل کو زیادہ محفوظ، شفاف اور جدید بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

### امریکہ سے جوہری معاہدہ: سعودی عرب کو ری ایکٹر و یورینیئم افزودگی کی اجازت مل گئی

واشنگٹن، 23 جولائی (یو این آئی) امریکہ اور سعودی عرب کے درمیان تاریخی سول جوہری معاہدہ طے پا گیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ اور سعودی عرب کے درمیان جوہری تعاون کے معاہدہ طے ہو گیا ہے، جس کے تحت سعودی عرب کو امریکی ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے جوہری ری ایکٹر بنانے اور یورینیئم کی افزودگی کی اجازت مل گئی ہے۔ امریکی محکمۂ توانائی نے گزشتہ روز اس معاہدے کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکی کمپنیاں سعودی عرب کو جوہری ٹیکنالوجی فراہم کریں گی۔ محکمے کے مطابق معاہدے میں 1954ء کے ایٹامک انرجی ایکٹ کے سیکشن 123 کے تحت ہونے والا ایک 123 معاہدہ شامل ہے، جس کے ساتھ ایک دوطرفہ حفاظتی معاہدہ بھی طے پایا ہے۔ امریکی وزیرِ توانائی کرس رائٹ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ معاہدے امریکہ اور سعودی عرب کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، اپنے اپنے ممالک میں خوش حالی کے فروغ اور بیرونِ ملک اپنے اتحادیوں کے تحفظ کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اطمینان رکھیں کہ یہ معاہدے جوہری تحفظ اور عدم پھیلاؤ کے اعلیٰ ترین عالمی معیارات پر پورا اترتے ہیں، جبکہ ان کی بنیاد دنیا کی بہترین جوہری ٹیکنالوجی اور امریکی سائنس دانوں کی مہارت پر رکھی گئی ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ اس معاہدے کے تحت سعودی عرب کو امریکہ سے جوہری ایندھن درآمد کرنے کے بجائے اپنے ملک میں یورینیئم افزودہ کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ تاہم امریکی محکمۂ توانائی کے بیان میں یورینیئم کی افزودگی سے متعلق کوئی تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ امریکی محکمۂ توانائی نے اس معاہدے کو کئی دہائیوں پر محیط اور اربوں ڈالرز مالیت کی شراکت داری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسے جائزے کے لیے کانگریس کو بھیجا جائے گا۔ ٹرمپ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ یہ معاہدہ امریکا میں روزگار کے مواقع پیدا کرے گا، عالمی سطح پر جوہری عدم پھیلاؤ کے معیارات کو مزید مضبوط بنائے گا اور ریاض کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کو فروغ دے گا۔

# چندر شیکھر آزاد کی قربانی ہمیشہ متاثر کرتی رہے گی

## نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ نے مجاہدی آزادی چندر شیکھر آزاد کو ان کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا

## ہنر کے لیے انصاف اور محنت کا احترام نیو انڈیا کی خصوصیات ہیں: کیشو پرساد موریہ

لکھنؤ: 23 جولائی۔ اتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ مسٹر کیشو پرساد موریہ نے جمعرات کو عظیم انقلابی، مجاہد آزادی شہید چندر شیکھر آزاد، جو بے مثال بہادری، بے مثال جرأت اور غیر متزلزل حب الوطنی کی علامت ہیں، کو ان کے یوم پیدائش کے موقع اپنی رسرکاری رہائش 7، کالی داس مارگ لکھنؤ پر ان کی تصویر پر پھول چڑھا کر خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ مسٹر موریہ نے کہا کہ شہید چندر شیکھر آزاد کی قربانی، بے مثال ہمت، حب الوطنی اور مادر وطن کی آزادی کے لیے اٹوٹ لگن ہندوستانی تاریخ کی انمول میراث ہے۔ اپنی زندگی کا ہر لمحہ ملک کی آزادی کے لیے وقف کر کے انھوں نے حب الوطنی کا ایسا نمونہ پیش کیا جو آئندہ نسلوں کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ مسٹر موریہ نے کہا کہ چندر شیکھر آزاد کی متاثر کن زندگی ہر ہندوستانی کو قومی مفاد کو سب سے اوپر رکھتے ہوئے اپنے فرائض کو وفاداری کے ساتھ ادا کرنے اور ملک کی یکجہتی، سالمیت اور عزت نفس کی حفاظت کے لیے ہمیشہ تیار رہنے کی ترغیب دیتی ہے۔ ان کی بے مثال قربانی اور جدوجہد ہندوستان کی نوجوان نسل کے لیے توانائی، ہمت اور قومی خدمت کا ایک نہ ختم ہونے والا ذریعہ ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قوم ہمیشہ ایسے عظیم انقلابیوں کی مقروض رہے گی، جن کی قربانی، لگن اور انمول عزم کی وجہ سے ہندوستان کی آزادی ہوئی۔ انہوں نے ریاست کے لوگوں سے کہا کہ وہ شہید چندر شیکھر آزاد کے نظریات کو اپنائیں اور ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر کے اپنے عزم کو مزید مضبوط کرتے ہوئے قوم کی تعمیر میں فعال طور پر حصہ ڈالیں۔



☆۔ اتر پردیش کے نائب وزیر اعلی مسٹر کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ وزیر اعظم مسٹر نریندر مودی کی قیادت میں طلباء کے مفادات کا تحفظ اور ان کے روشن مستقبل کو محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر لیک کے مقدمات کو جلد اور موثر طریقے سے نمٹانے کے لیے فاسٹ ٹریک عدالتوں کا قیام ایک اہم فیصلہ ہے جو اس عزم کو مزید تقویت دیتا ہے۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ یہ سسٹم پیپر لیک مافیا کے خلاف ایک کارگر دھچکا ثابت ہوگا۔ یہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کے لیے تیز اور سخت سزا کو یقینی بنائے گا، اس طرح امتحانی نظام کی منصفانہ، شفافیت اور ساکھ کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کے خوابوں اور مستقبل سے کھلواڑ کرنے والوں کو کسی قیمت پر نہیں بخشے گی۔ مسٹر موریہ نے کہا کہ ہنر کے لیے انصاف، محنت کا احترام اور نوجوانوں کے مستقبل کی حفاظت نیو انڈیا کی خصوصیات ہیں۔ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ ہر مقابلہ جاتی امتحان مکمل شفافیت اور منصفانہ طریقے سے منعقد کیا جائے اور محنتی نوجوانوں کو ان کی صلاحیتوں کے مطابق مواقع ملیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے تندہی سے کام کر رہی ہے اور پیپر لیک جیسے جرائم میں ملوث افراد کے خلاف قانون کو سختی سے نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ فاسٹ ٹریک عدالتوں کا نظام ایسے معاملات میں جلد انصاف کو یقینی بنائے گا اور امتحانی نظام پر نوجوانوں کا اعتماد مزید مضبوط کرے گا۔

# اتر پردیش میں پری و پوسٹ میٹرک اسکالرشپ کا شیڈول جاری

## 22 جولائی سے رجسٹریشن، تصدیق اور فنڈ کی منتقلی کا مرحلہ وار ٹائم ٹیبل نافذ

لکھنؤ: 23 جولائی۔ اتر پردیش حکومت نے درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل، عام زمرہ، دیگر پسماندہ طبقات، اور اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لیے پری میٹرک (گریڈ 9-10) اور پوسٹ میٹرک (گریڈ 11-12) کے مؤثر نفاذ کے لیے ایک تفصیلی ٹائم ٹیبل جاری کیا ہے۔ محکمہ سماجی بہبود کے پرنسپل سکریٹری نے اس سلسلے میں ایک سرکاری حکم نامہ جاری کیا ہے۔ جاری شیڈول کے مطابق، ریاست کے تمام تسلیم شدہ اسکول 22 جولائی سے 5 اگست 2026 کے درمیان ماسٹر ڈیٹا تیار کر کے آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کریں گے۔ اس کے بعد، ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹر اور متعلقہ اہلکار اسکولوں کی تصدیق کریں گے، ان کی شناخت، نشستوں اور دیگر تفصیلات کی تصدیق کریں گے۔ پورٹل پر اقلیتی پرائیویٹ اسکولوں کو نشان زد کرنے کا عمل بھی مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے گا۔ تجدید کے زمرے میں طلباء کے لیے آن لائن درخواستیں اور ہارڈ کاپیاں جمع کرانے کا عمل 11 اگست سے 25 اگست 2026 تک جاری رہے گا۔ بائیو میٹرک تصدیق، درخواست کی تصدیق، اور آگے بھیجنے کا عمل 30 اگست تک اسکول کی سطح پر مکمل کیا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹر دفتر 31 اگست سے 10 ستمبر تک طلبہ کی تصدیق کرے گا، اور 17 ستمبر تک ایس سی آئی سی کے ذریعے جانچ کی جائے گی۔ اس کے بعد، ضلعی سطح کی کمیٹی اکتوبر کے آخر تک مرحلہ وار PFMS کے ذریعے ڈیٹا لاکنگ، ڈیمانڈ تخلیق، اور اسکالرشپ فنڈ کی منتقلی کو مکمل کرے گی۔ اگر کسی درخواست میں غلطیاں یا قابل اعتراض ڈیٹا پایا جاتا ہے تو تصدیق، دوبارہ جانچ پڑتال اور اصلاح کے لیے ایک الگ ٹائم ٹیبل قائم کیا گیا ہے۔ نئے زمرے کے طلباء کے لیے آن لائن رجسٹریشن اور درخواستیں 11 اگست سے 21 ستمبر 2026 تک دستیاب ہوں گی۔ تمام پروسیس کے لیے علیحدہ ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے، جس میں اسکول میں ہارڈ کاپیاں اور مطلوبہ دستاویزات جمع کروانا، اسکول کی سطح کی تصدیق، ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹر کی جانب سے تصدیق، اور NIC کی جانچ شامل ہے۔ تمام تصدیقات مکمل ہونے کے بعد، جنوری 2027 میں اسکالرشپ فنڈ PFMS کے ذریعے اہل طلباء کے بینک کھاتوں میں منتقل کر دیے جائیں گے۔ حکومت نے تمام متعلقہ محکموں، ڈسٹرکٹ اسکول انسپکٹروں، سماجی بہبود افسران، اور تعلیمی اداروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مقررہ ٹائم ٹیبل پر سختی سے عمل کریں اور ہر مرحلہ کو وقت پر مکمل کریں، تاکہ کسی بھی اہل طالب علم کو اسکالرشپ کے حصول میں غیر ضروری تاخیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ طلباء سے بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ وقت پر آن لائن درخواست دیں اور ضروری دستاویزات متعلقہ تعلیمی اداروں میں جمع کرائیں۔

## بائیو میڈیکل ویسٹ ڈسپوزل اسکیم کے لیے صرف 5 کروڑ روپے کی رقم منظور کی گئی ہے

لکھنؤ: 23 جولائی۔ اتر پردیش حکومت نے جانوروں کی صحت اور ویٹرنری سروسز ایکٹ کے تحت بائیو میڈیکل ویسٹ ڈسپوزل اسکیم کے لیے رواں مالی سال کے لیے 5 کروڑ کی رقم کو منظوری دی ہے۔ محکمہ حیوانات نے اس سلسلے میں ایک سرکاری حکم نامہ جاری کیا ہے۔ حکومتی حکم نامے میں ڈائریکٹر آف ڈیزیز کنٹرول اینڈ فیلڈ کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ منظور شدہ فنڈ کے لیے منظور شدہ ایکشن پلان اور رہنما اصولوں کی مکمل تعمیل کو یقینی بنائیں اور مکمل تفصیلات کے ساتھ استعمال کا سرٹیفکیٹ فراہم کریں۔

# مایاوتی نے حکومت اور مظاہرین سے بات چیت کی اپیل کی



لکھنؤ، 23 جولائی (یو این آئی) بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کی صدر مایاوتی نے ملک میں مفاد عامہ کے مختلف مسائل پر پیدا ہونے والی صورتحال پر جمعرات کے روز تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور احتجاجی تنظیموں سے بات چیت کے ذریعے پرامن حل نکالنے کی اپیل کی ہے۔ محترمہ مایاوتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس 𝕏 پر جاری سلسلہ وار پوسٹس میں کہا، ”نئی دہلی کے جنتر منتر پر کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کی طرف سے گزشتہ کئی دنوں سے چلائی جارہی تحریک، خاص طور پر نیٹ جیسے امتحانات میں مبینہ پیپر لیک اور دیگر بے ضابطگیوں سے متاثرہ طلبہ اور ان کے خاندانوں کے مسائل سے جڑی ہے۔“ انہوں نے کہا، یہ مسئلہ سیاست کاری کی وجہ سے حکومت کے ساتھ براہ راست تصادم کا موضوع بن گیا ہے، جس سے نہ صرف دہلی بلکہ مختلف ریاستوں میں بھی عام زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ ملک کے مفاد میں اس صورتحال سے جلد باہر نکلنا ضروری ہے۔“ بی ایس پی سربراہ نے کہا کہ ”چاہے ایودھیا کے شری رام مندر میں چڑھاوا کی مبینہ چوری اور غبن کا معاملہ ہو یا مختلف امتحانات میں پیپر لیک کے واقعات، یہ سب بدعنوانی کے مختلف سطحوں پر پہنچنے کا نتیجہ ہیں۔ یہ موضوع آئینی اخلاقیات سے بھی جڑا ہوا ہے اور بانی آئین ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے گڈ گورننس کے لیے آئینی اخلاقیات کی اہمیت پر خاص زور دیا تھا۔“ محترمہ مایاوتی نے کہا کہ حکومت اور عدالت جیسی آئینی اداروں کو مفاد عامہ سے جڑے ان سنگین مسائل کے حل کے لیے مؤثر پہل کرنی چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کسی بھی عوامی تحریک کا مختلف سیاسی جماعتوں کی طرف سے اپنے سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنا اور سڑک سے لے کر کے پارلیمنٹ تک تصادم اور تشدد کا ماحول بنانا درست نہیں ہے۔ انہوں نے حکومت اور مظاہرین سے آپسی بات چیت کے ذریعے جلد از جلد پرامن اور خوشگوار حل نکالنے کی اپیل کی۔

# مشرقی اتر پردیش میں 27 جولائی سے شدید بارش کا امکان

لکھنؤ، 23 جولائی (یو این آئی) اتر پردیش میں مانسون کے اگلے سات دنوں تک سرگرم رہنے کا امکان ہے۔ لکھنؤ کے موسم مرکز کے مطابق، 23 سے 29 جولائی تک ریاست کے بیشتر حصوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش اور بوندا باندی کا امکان ہے۔ ہفتے کے آخری دنوں میں، خاص طور پر مشرقی اتر پردیش میں بارش کی سرگرمیاں مزید تیز ہوں گی اور کئی مقامات پر شدید بارش کے آثار ہیں۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری روزانہ کی پیشن گوئی کے مطابق، جمعرات کے روز مغربی اتر پردیش میں کہیں کہیں اور مشرقی اتر پردیش میں کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا قوی امکان ہے۔ 24 سے 26 جولائی تک بھی دونوں ذیلی ڈویژنوں میں بیشتر مقامات پر اسی طرح کا موسم رہے گا۔ پیشن گوئی کے مطابق، 27 جولائی سے مانسونی سرگرمیوں میں مزید تیزی آئے گی۔ اس دن مشرقی اتر پردیش میں کئی مقامات پر بارش کا امکان ہے، جبکہ مغربی اتر پردیش میں کچھ مقامات پر بارش ہو سکتی ہے۔ 28 اور 29 جولائی کو مشرقی اتر پردیش کے تقریباً تمام مقامات اور مغربی اتر پردیش کے کئی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 23 جولائی کو مغربی اتر پردیش کے کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلی گرنے کا خدشہ ہے۔ وہیں 27 جولائی کو مشرقی اتر پردیش اور 28 و 29 جولائی کو ریاست کے دونوں ذیلی ڈویژنوں میں کہیں کہیں شدید بارش ہو سکتی ہے۔ لوگوں سے خراب موسم کے دوران محتاط رہنے اور ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ دریں اثنا، 22 جولائی کو درج کیے گئے موسم کے اعداد و شمار کے مطابق، ریاست کے بیشتر اضلاع میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول کے آس پاس رہا۔ غازی پور میں سب سے زیادہ 35.5 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا، جبکہ مرادآباد میں 35.0 اور اورئی میں 34.6 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ بارش کے معاملے میں بستی میں 1.15 ملی میٹر، غازی پور میں 2.5 ملی میٹر، گورکھپور میں 9.3 ملی میٹر اور چورک میں 4.2 ملی میٹر بارش درج کی گئی۔ پریاگ راج، لکھنؤ، کانپور، ایٹا اور کئی دیگر اضلاع میں بارش نہیں ہوئی یا نہ ہونے کے برابر درج کی گئی۔ راجدھانی لکھنؤ اور آس پاس کے علاقوں میں جمعرات کے روز جزوی طور پر بادل چھائے رہنے اور ہلکی بارش کا امکان ہے۔ یہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری سیلسیس اور کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا اندازہ ہے۔

# سماج وادی پارٹی کے سابق رکن اسمبلی عالم بدیع: حیات و کوائف



لکھنو: 23 جولائی (پی این ایس) اتر پردیش کے بزرگ سیاست داں سماجوادی پارٹی کے رکن اسمبلی عالم بدیع اعظمی کا آج جمعرات کی صبح انتقال ہوگیا۔ وہ سماجوادی پارٹی سے وابستہ تھے اور اعظم گڑھ کے نظام آباد سے 5 مرتبہ رکنِ اسمبلی منتخب ہوئے۔ پیشے کے اعتبار سے انجینئر تھے۔ عالم بدیع کا گورکھپور سے گہرا تعلق تھا۔ وہ اپنی سادہ طرزِ زندگی کے لیے مشہور تھے۔ اگرچہ انہوں نے سیاست میں کافی تاخیر سے قدم رکھا، لیکن انہوں نے جلد ہی سیاسی حلقوں میں ایک بااثر اور ایماندار لیڈر کی حیثیت سے اپنی شناخت قائم کی۔ 60 برس کی عمر میں سیاست کے میدان میں اترنے والے عالم بدیع کو ملائم سنگھ یادو نے 1996 کے اسمبلی انتخابات میں نظام آباد اسمبلی حلقے سے امیدوار بنایا، جہاں انہوں نے سخت مقابلے کے بعد اپنی پہلی انتخابی کامیابی حاصل کی۔ 2002 کے انتخابات میں بھی وہ کامیاب رہے۔ 2007 کے انتخابات میں اتر پردیش میں مایاوتی کی بہوجن سماج پارٹی نے زبردست کامیابی حاصل کر کے حکومت بنائی، اور نظام آباد اسمبلی حلقہ بھی اسی کامیابی کا حصہ تھا۔ اس انتخاب میں نظام آباد سے عالم بدیع کو بی ایس پی کے انگد یادو نے شکست دی۔ لیکن اس شکست کے بعد انہوں نے اسی نشست سے اپنی کامیابی کی ہیٹ ٹرک مکمل کی۔ وہ 2012، 2017 اور 2022 کے اسمبلی انتخابات میں مسلسل کامیاب ہوئے۔ عالم بدیع کی پیدائش 16 مارچ 1936 کو اعظم گڑھ میں ہوئی تھی، لیکن ان کی ابتدائی تعلیم گورکھپور میں ہوئی۔ گورکھپور کے بخشی پور میں واقع اسلامیہ انٹر کالج میں ان کے والد بدیع الزماں اعظمی گیمز ٹیچر تھے۔ اسی وجہ سے وہ بھی یہیں رہے اور اسی اسکول سے 12 ویں جماعت تک تعلیم حاصل کی۔ اس کے بعد انہوں نے الیکٹریکل اور میکینیکل انجینئرنگ میں ڈپلومہ کی ڈگری حاصل کی۔ ان کی ملازمت محکمہ آبپاشی میں ہوئی۔ انہوں نے گورکھپور کی گولا تحصیل سمیت کئی مقامات پر خدمات انجام دیں۔ سرکاری ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے سیاست میں قدم رکھا۔ انہوں نے 1950 میں اسلامیہ سے ہائی اسکول کا امتحان پاس کیا تھا، لیکن کسی وجہ سے اس وقت اپنا سرٹیفکیٹ حاصل نہیں کر سکے تھے۔ اس کے 76 سال بعد رواں سال اپریل میں اسکول گئے، جہاں ایک شاندار تقریب میں انہیں سرٹیفکیٹ پیش کیا گیا۔ اپنی دیانت داری اور سادگی کی وجہ سے سیاسی حلقوں میں منفرد شناخت رکھنے والے عالم بدیع کو کئی مرتبہ وزیر بننے کی پیشکش بھی کی گئی، لیکن انہوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ ان کا ماننا تھا کہ ان کی جگہ کسی نوجوان کو یہ ذمہ داری دی جانی چاہیے۔ سابق وزیرِ اعلیٰ ملائم سنگھ یادو کے بعد اکھلیش یادو سے بھی ان کے قریبی تعلقات رہے۔ سرکاری ملازمت، پھر سیاست، اور وہ بھی 5 مرتبہ رکنِ اسمبلی بننے کے باوجود عالم بدیع نہایت سادہ زندگی گزارتے تھے۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ رکن اسمبلی بننے کے بعد بھی وہ مہنگی اور بڑی گاڑیوں کے بجائے روڈویز بسوں میں سفر کیا کرتے تھے۔ لکھنؤ میں اسمبلی جانے کے لیے وہ اپنی اسکوٹی استعمال کرتے تھے۔ وہ وی آئی پی کلچر، یعنی گنر یا کسی بھی قسم کی سرکاری سیکورٹی، نہیں رکھتے تھے۔ 90 سال کی عمر میں بھی انتخاب جیتنے والے عالم بدیع کی دیانت دار اور سادہ شخصیت ان کے کئی سیاسی حریفوں پر بھاری پڑتی تھی۔ وہ کبھی بھی بڑے قافلے کے ساتھ انتخابی مہم نہیں چلاتے تھے۔ ایسے دور میں جب انتخابات جیتنے کے لیے سیاست داں لاکھوں اور کروڑوں روپے خرچ کرتے ہیں، عالم بدیع ایک انتخاب میں محض 2 سے 3 لاکھ روپے ہی خرچ کرتے تھے اور اس کے باوجود کامیاب ہو جاتے تھے۔ 5 مرتبہ رکنِ اسمبلی رہنے کے باوجود ان کے پاس زیادہ جائیداد نہیں تھی۔ ان کے پاس منقولہ اور غیر منقولہ ملا کر تقریباً 40 لاکھ روپے کی جائیداد تھی، اور ان کے نام پر ایک کار بھی تھی۔

### بزرگ ملی رہنما عالم بدیع اعظمیؒ کی رحلت ایک عظیم خسارہ: ڈاکٹر ملک محمد فیصل



لکھنؤ: اتر پردیش اسمبلی کے سب سے عمر رسیدہ رکن اسمبلی عالم بدیع اعظمی کا 22 جولائی 2026 کی شب انتقال ہوگیا۔ جماعت اسلامی ہند، یوپی مشرق کے امیر حلقہ ڈاکٹر ملک محمد فیصل نے ان کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی سیاسی، سماجی، تعلیمی اور رفاہی خدمات تقریباً 65 برسوں پر محیط تھیں۔ وہ ڈاکٹر جلیل فریدی کی قائم کردہ مسلم مجلس سے وابستہ رہے، بعد ازاں سماجوادی پارٹی میں شامل ہوئے اور ملائم سنگھ یادو کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے تھے۔ 1996 سے وہ اعظم گڑھ ضلع کی نظام آباد اسمبلی نشست کی نمائندگی کر رہے تھے۔ ڈاکٹر فیصل نے کہا کہ عالم بدیع اعظمی اپنی سادگی، ایمانداری اور بے باکی کے لیے معروف تھے۔ وہ ملت کے مسائل، پرسنل لا، اوقاف کے تحفظ، اصلاحِ معاشرہ اور فروغِ تعلیم کے لیے سرگرم رہے۔

### عالم بدیع کا انتقال ملک و ملت اور سیاست کے لیے بڑا نقصان: مولانا عبدالوکیل ندوی

**لکھنؤ، 23 جولائی (پریس ریلیز):** شعبۂ دعوت وارشاد واصلاحِ معاشرہ، دارالعلوم ندوۃ العلماء سے وابستہ مولانا عبدالوکیل ندوی بارہ بنکوی نے معروف معمر سابق رکن اسمبلی جناب عالم بدیع کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اسے ملک، ملت اور سیاست کے لیے بڑا نقصان قرار دیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم عالم بدیع سادگی، اخلاص، حب الوطنی اور خدمتِ خلق کی روشن مثال تھے۔ وہ ملک و ملت کے مخلص خادم، سچے سیاست دان اور اعلیٰ انسانی اقدار کے حامل تھے۔ طویل عرصہ عملی سیاست میں رہنے کے باوجود ان کا دامن بے داغ رہا اور وہ صاف ستھرے کردار اور بیدار ضمیر کے مالک تھے۔ مولانا ندوی نے کہا کہ مرحوم کی زندگی موجودہ اور آنے والی نسل کے سیاست دانوں کے لیے قابلِ تقلید نمونہ ہے۔ انہوں نے اپنے کردار، دیانت داری اور عوامی خدمت سے ثابت کیا کہ ایک حقیقی عوامی نمائندہ اور ملک کا خادم کیسا ہونا چاہیے۔

### عالم بدیع اعظمی کی رحلت خدمت پر مبنی سیاست کا بڑا نقصان: ذکی نور عظیم ندوی

لکھنؤ، 23 جولائی: مرکز برائے تعلیمی و سماجی بیداری، لکھنؤ کے ڈائریکٹر اور معروف اسلامی اسکالر مولانا ذکی نور عظیم ندوی نے سماجوادی پارٹی کے سینئر رہنما اور نظام آباد (اعظم گڑھ) سے پانچ مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہونے والے عالم بدیع اعظمی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالم بدیع اعظمی ایسی صاف ستھری اور خدمتِ خلق پر مبنی سیاست کی علامت تھے جس کی ملک و قوم کو ضرورت ہے۔ وہ سیاست کو اقتدار یا ذاتی مفاد کے بجائے عوامی فلاح و بہبود کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ سادگی، دیانت داری اور عوام سے مخلصانہ تعلق ان کی پہچان تھی۔ مولانا ندوی نے کہا کہ انہیں مرحوم سے کئی مرتبہ ملاقات اور گفتگو کا موقع ملا۔ ان کا علمی ذوق، انسان دوستی اور سادہ مزاجی متاثر کن تھی۔ وہ عام لوگوں کی طرح زندگی گزارتے اور ہر شخص سے محبت و احترام کے ساتھ پیش آتے تھے۔ واضح رہے کہ 16 مارچ 1936 کو اعظم گڑھ کے گاؤں ونداول میں پیدا ہونے والے عالم بدیع اعظمی پیشے کے اعتبار سے الیکٹریکل و مکینیکل انجینئر تھے۔

# تیندوے کے حملے کا ڈرامہ بے نقاب، پانچ لاکھ معاوضے کے لیے ماں کا قتل

## بجنور میں بیٹے نے گلا دبا کر کی 65 سالہ ماں کی جان لی، پولیس نے گرفتار کر جیل بھیج دیا

بجنور: 23 جولائی (پی این ایس) یوپی کے بجنور ضلع سے ایک سنسنی خیز معاملہ سامنے آیا ہے۔ ہم پور دیپا تھانہ علاقہ کے تحت اجو پورہ جاٹ گاؤں میں پیر کی شام بیرو دیوی (65) کی موت کے معاملے میں ایک بڑا انکشاف ہوا ہے۔ خاتون کی موت تیندوے کے حملے سے نہیں ہوئی بلکہ اس کے بیٹے بہل سنگھ عرف مانیا نے پانچ لاکھ روپے کے معاوضے کے حصول کے لیے اسے گلا دبا کر قتل کیا۔

پولیس نے بدھ کو قتل کا انکشاف کیا، ملزم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ملزم تیندوے کے حملے کا معاوضہ لینے کے لیے اسی دوپہر ڈی ایف او آفس گیا تھا۔ جب اسے معلوم ہوا کہ موت کے لیے پانچ لاکھ روپے معاوضہ دستیاب ہے تو اس نے اسی شام اپنی ماں کو قتل کر دیا اور تیندوئے کے حملے کی افواہ گھڑ دی۔ پولیس کی جانچ میں یہ بات سامنے آئی ہے۔ بیرو دیوی پیر کی شام اپنے چھوٹے بیٹے بہل سنگھ عرف مانیا کے ساتھ چارہ لینے گئی تھی۔ بہل سنگھ نے ڈائل 112 پولیس اور گاؤں والوں کو چیتے کے حملے میں اپنی ماں کی موت کی اطلاع دی۔ اس نے پولیس اور گاؤں والوں کو اپنی ماں کو بچانے کے لیے تیندوے سے لڑنے کی جھوٹی کہانی بھی سنائی۔ گاؤں والوں نے محکمہ جنگلات پر لاپرواہی کا الزام لگاتے ہوئے لاش کو لے جانے سے انکار کر دیا۔ تقریباً دو گھنٹے بعد، تحصیلدار اور چاند پور کے فاریسٹ رینجر دشینت ماوی نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا، جس میں متوفی کے لواحقین کو پانچ لاکھ روپے معاوضہ کی تحریری یقین دہانی کرائی گئی۔



پوسٹ مارٹم رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ معمر خاتون کی موت چیتے کے حملے سے نہیں بلکہ گلا دبانے سے ہوئی ہے۔ پولیس نے منگل کی دیر شام بیرو دیوی کے بیٹے بہل سنگھ کو حراست میں لے کر پوچھ گچھ کی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس نے پولیس اور گاؤں والوں کے سامنے واقعے میں اپنے ملوث ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ بہل سنگھ نے بتایا کہ اس کا اپنی والدہ کے ساتھ کافی عرصے سے اختلاف چل رہا تھا۔ پیر کو اس نے جنگل میں اس کے ساتھ زبانی بدسلوکی بھی کی تھی۔ غصے کے عالم میں وہ اسے کچھ فاصلے پر اپنے گنے کے کھیت میں لے گیا اور گلا دبا کر قتل کر دیا۔ ماں کی موت کو تیندوے کے حملے سے منسوب کیا گیا، مبینہ طور پر چھپانے اور پانچ لاکھ روپے معاوضے کی وجہ سے۔ سی او چاند پور دیش دیپک نے بتایا کہ بدھ کو پولیس نے بیرو دیوی کے بڑے بیٹے روپ چند کی شکایت پر کارروائی کی اور چھوٹے بیٹے بہل سنگھ عرف مانیا کے خلاف چالان جاری کیا۔

بیرو دیوی کے قتل کے انکشاف سے گاؤں والے حیران ہیں اور مختلف معاملات پر چرچا کر رہے ہیں۔ وہ یقین نہیں کر سکتے کہ ان کے بیٹے نے اپنی ہی ماں کو قتل کیا ہے۔ اس نے نہ صرف خون کے رشتے کو قتل کیا ہے بلکہ ماں اور بیٹے کے اعتماد اور مقدس رشتے کو بھی داغدار کیا ہے۔ بہل سنگھ عرف مانیا کی بیوی ڈولی کو یقین نہیں آتا کہ اس کے شوہر نے ایسا گھناؤنا جرم کیا ہوگا۔ پولیس اسٹیشن میں، اس نے روتے ہوئے بتایا کہ ان کا گھر اچھا چل رہا ہے۔ اسے یقین نہیں آتا کہ اتنا سنگین واقعہ کیسے پیش آیا۔ اب وہ اپنے دو چھوٹے بچوں کی کفالت کیسے کرے گی۔ بہل سنگھ پیر کی دوپہر بجنور ڈی ایف او آفس آئے تھے۔ خود پر خراشیں دکھاتے ہوئے اس نے دعویٰ کیا کہ اس پر چیتے نے حملہ کیا ہے اور معاوضے کا مطالبہ کیا۔ ڈی ایف او جے سنگھ کشواہا نے بتایا کہ انہیں بتایا گیا کہ خروں چ کے لیے معاوضہ دستیاب نہیں ہے۔ زخمی ہونے کی صورت میں طبی معائنے کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے معاوضے کے قوانین کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ اس کے بعد وہ چلا گیا۔ شام کو خبر آئی کہ اس کی ماں تیندوے کے حملے میں مر گئی ہے۔ بجنور ضلع میں تیندووں کے خوف کے درمیان انسانوں کی خطرناک فطرت بھی سامنے آ رہی ہے۔ لالچ اور جھگڑوں کی وجہ سے لوگ تیندووں پر قتل کا الزام لگا رہے ہیں۔ ایسا ہی ایک واقعہ حال ہی میں اجو پورہ جاٹ میں بھی پیش آیا۔ بیٹے نے ماں کے قتل کا ذمہ دار تیندوے کو ٹھہرانے کی کوشش کی لیکن پوسٹ مارٹم رپورٹ نے سب کچھ صاف کر دیا۔

# ایس ڈی پی آئی کے ریاستی صدر کا سینئر رکن اسمبلی عالم بدیع کے انتقال پر اظہار تعزیت

لکھنؤ، 23 جولائی (یو این آئی) سوشل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا (ایس ڈی پی آئی) اتر پردیش کے ریاستی صدر نظام الدین خان نے نظام آباد، اعظم گڑھ، اتر پردیش کے سینئر اور مقبول رکن اسمبلی عالم بدیع صاحب کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں نظام الدین خان نے کہا کہ عالم بدیع صاحب کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل رنجیدہ کرنے والی ہے۔ وہ سادگی، ایمانداری اور اخلاص کی ایک مثال تھے۔ ایک ہی اسمبلی حلقے سے مسلسل پانچ مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہونا علاقے کے عوام میں ان کی بے پناہ مقبولیت اور اعتماد کا مظہر ہے۔ سیاست میں رہتے ہوئے بھی انہوں نے انتہائی سادہ زندگی گزاری اور اپنی پوری زندگی عوام کی بے لوث خدمت کے لیے وقف کر دی۔ انہوں نے کہا کہ عالم بدیع کا انتقال نہ صرف نظام آباد اور اعظم گڑھ کے لیے بلکہ پورے اتر پردیش اور سیکولر سیاست کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔ ان کے انتقال سے عوامی زندگی میں ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا ہے جسے پُر کرنا آسان نہیں ہوگا۔ نظام الدین خان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم عالم بدیع صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان، ان کے حامیوں اور عقیدت مندوں کو اس عظیم صدمے کو برداشت کرنے کے لیے صبر و حوصلہ عطا فرمائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غم کی اس گھڑی میں سوشل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا، اتر پردیش، سوگوار خاندان کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے اور ہماری دلی ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں۔

# چوری کی دو اسکوٹیوں سمیت شاطر چور گرفتار

## شہر کے مختلف علاقوں سے چرائی گئی دونوں اسکوٹیاں برآمد، پولیس قانونی کارروائی میں مصروف



لکھنؤ: لکھنؤ کمشنریٹ کے مغربی زون کے تحت کاکوری تھانے کی پولیس نے جمعرات کو علاقے میں چیکنگ اور مشتبہ افراد کی تلاشی کے دوران ایک شاطر گاڑی چور کو گرفتار کرنے میں اہم کامیابی حاصل کی۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے چوری کی دو اسکوٹیاں برآمد کی ہیں، جنہیں شہر کے مختلف مقامات سے چرایا گیا تھا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق جمعرات کو سب انسپکٹر شیلیش پرتاپ سنگھ، کانسٹیبل روہت یادو اور کانسٹیبل دھرمیندر پٹیل علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور جرائم کی روک تھام کے سلسلے میں لکھنؤ-ہردوئی روڈ پر واقع بیہتا نالہ پل کے قریب موجود تھے۔ اسی دوران اطلاع ملی کہ رسول پور اوور برج کے قریب رسول پور سے الوپور جانے والے راستے پر آم کے باغ میں ایک مشتبہ نوجوان چوری کی اسکوٹی کے ساتھ کھڑا ہے، اور فوری کارروائی کی جائے تو اسے گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم نے موقع پر پہنچ کر گھیراؤ کیا اور مشتبہ نوجوان کو گرفتار کر لیا۔ پوچھ گچھ اور جسمانی تلاشی کے دوران اس نے اپنی شناخت سورج عرف ویرو ولد گوکرن ساکن ٹنڈور کھیڑا، تھانہ پیہانی، ضلع ہردوئی، عمر تقریباً 20 سال کے طور پر بتائی۔ اس کے قبضے سے برآمد ہونے والی ہونڈا ایکٹیوا (مرون رنگ) اسکوٹی کے کاغذات طلب کیے گئے تو وہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ سختی سے پوچھ گچھ کرنے پر اس نے اعتراف کیا کہ یہ اسکوٹی اس نے لکھنؤ شہر سے چرائی تھی۔ مزید تفتیش کے دوران ملزم نے انکشاف کیا کہ اس نے ایک اور اسکوٹی قریب ہی ایک درخت کے پیچھے چھپا رکھی ہے۔ اس کی نشاندہی پر پولیس نے جھاڑیوں اور درختوں کے پیچھے سے ہیرو ڈیسٹنی (سفید رنگ) اسکوٹی بھی برآمد کر لی۔ ملزم نے بتایا کہ یہ دوسری اسکوٹی اس نے بالاگنج کے قریب کیمپ ویل روڈ سے چرائی تھی۔ پولیس نے دونوں چوری شدہ اسکوٹیاں اپنی تحویل میں لے کر ملزم سورج عرف ویرو کے خلاف چوری کی جائیداد چھپانے اور دیگر متعلقہ فوجداری دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ملزم کو گرفتاری کی وجوہات سے آگاہ کرتے ہوئے حراست میں لے لیا گیا ہے اور مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔